تبصرہ نگار: ع۔غ

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نما رسالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

عظمت صحابہ وحل اعتراض بر صحابہؓ، افادات: حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، ناشر: جامعہ تعلیم الاسلام اشرفیہ، نزد الہاشم کالونی ہارون آباد، ضلع بہاولنگر، صفحات: ۱۶۰۔

اس رسالے میں صحابہ کی عظمت، روافض کی بدعات ورسومات کا ردّ اور اتباع سنت سے متعلق حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے افادات کو مختلف کتب ورسائل سے جمع کردیا گیا ہے، اس کی ابتداء میں حضرت مفتی عبدالشکور ترمذی رحمہ اللہ کی تقریظ ہے، جس میں کتاب کے تعارف وافادیت کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

> ''یہ رسالہ چار ابواب پر مشتمل ہے، پہلے اور دوسرے باب میں حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کے افادات دربارۂ عظمت صحابہ رضی اللہ عنہم وحل اعتراضات بر صحابہ رضی اللہ عنہم نیز اہل روافض کی رسومات مروجہ، ماتم، تعزیہ کی مذمت، عاشورہ اور محرم کی شرعی حیثیت جمع کیے گئے ہیں، تیسرے اور چوتھے باب میں حضرات خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ کرام کے اتباع سنت اور حکم کی بجا آوری کے حیرت انگیز واقعات درج ہیں، پہلے دونوں باب علمی واصلاحی ہیں، اہل سنت والجماعت ان کو غور سے پڑھیں گے تو امید ہے کہ روافض کے غلط عقائد اور مروجہ رسومات سے محفوظ رہیں گے، اور یہ باب ان کے لئے بہت نافع ہوں گے، بقیہ دوسرے ابواب بھی سنت کی ترغیب اور حکم کی بجا آوری کے لئے برانگیختہ کرنے میں ممد ومعاون ثابت ہوں گے، ایسے واقعات کا پڑھنے والے پر ایک اثر ہوتا ہے اور عمل کا جذبہ ابھرتا ہے، واقعات نگاری کا یہ بہت بڑا فائدہ ہوتا ہے''۔

یہ رسالہ مجلس صیانۃ المسلمین کے ناظم جناب محمد اسلم صاحب کا مرتب کردہ اور کارڈ ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوا ہے، اس کی کمپوزنگ وسیٹنگ اور علامات ترقیم پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے، طباعت واشاعت درمیانے درجے کی ہے۔

رکعات تراویح ایک تحقیقی جائزہ، مؤلف: حافظ ظہور احمد الحسینی، ناشر: مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام، محلہ زاہد آباد، مدینہ مسجد حضرو، ضلع اٹک پاکستان۔

غیر مقلدین نے جمہور فقہاء اور ائمہ اربعہ سے جن مسائل میں اختلاف وشذوذ کا راستہ اختیار کیا ہے ان میں سے ایک مسئلہ ''رکعات تراویح'' کا بھی ہے، علماء نے اس مسئلے کے بارے میں بہت کچھ لکھا اور بحث ومکالمہ کا یہ سلسلہ برصغیر پاک وہند میں تقریباً ایک صدی سے جاری ہے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اور جمہور کی طرف سے ''بیس رکعات تراویح'' کے دفاع میں ایک بہترین اور تحقیقی مجموعہ ہے۔ اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔